05.04.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

.............................................................................

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے، سری لنکا کے صدر **Anura Dissanayake** کے ساتھ کولمبو میں باہمی مذاکرات کیے۔ دونوں لیڈروں نے ایک مشترکہ مستقبل کیلئے ساجھیداری کو مستحکم کرنے کے تئیں اپنے عہد کا اعادہ کیا۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اعادہ کیا ہے کہ ملک اگلے سال مارچ کے اختتام تک نکسل واد سے آزاد ہوجائے گا۔ 86 ماؤنوازوں نے تلنگانہ میں خودسپردگی کی۔

☆ مرکز نے بہار، ہماچل پردیش، تمل ناڈو اور پڈوچیری کیلئے، ایک ہزار 280 کروڑ روپے کی رقم، قدرتی آفات سے متعلق امداد کے طور پر جاری کی ہے۔

☆ دلّی سرکار نے، آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا نافذ کرنے کیلئے مرکز کے ساتھ مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ کارڈوں کی تقسیم اِس مہینے کی 10 تاریخ سے شروع ہوگی۔

☆ ارجنٹینا کے بیونس آئرس میں ISSF ورلڈ کپ 2025 میں بھارتی نشانے باز **Esha Singh** نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں، دلّی کیپیٹلز نے میزبان چنئی سپر کنگس کو 25 رنز سے ہرادیا۔ راجستھان رائلز اور پنجاب کنگز کے درمیان دوسرا میچ جاری ہے۔

.............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## PM Sri Lanka

وزیر اعظم نریندرمودی نے سری لنکا کے اپنے دورے کے دوران کولمبو کے صدارتی سکریٹریٹ میں صدر Anura Dissanayake کے ساتھ ایک اہم میٹنگ کی۔

بات چیت میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان قریبی دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کئے جانے پر توجہ مرکوز کی گئی اور ایک مشترک مستقبل کیلئے ساجھیداری کو فروغ دینے کے تئیں عہد کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں کی موجودگی میں دفاع، توانائی اور تجارت سمیت مختلف شعبوں میں کئی سمجھوتوں پر دستخط کئے گئے۔

دونوں رہنماؤں نے Sampur بجلی پروجیکٹ کے افتتاح کی ورچوئل تقریب میں حصہ لیا۔ اس پروجیکٹ کو NTPC اور Ceylon Electricity Board مشترکہ طور پر عملی جامہ پہنائیں گے جس کا مقصد سری لنکا کی توانائی کی فراہمی میں اضافہ کرنا ہے۔

بھارت کی امداد سے Dambulla میں ایک ایئر کنڈیشنڈ گودام بھی قائم کیا گیا ہے اور پانچ ہزار مذہبی اداروں میں چھتوں پر شمسی توانائی نظام نصب کیا گیا ہے۔ جس سے سری لنکا کی بجلی کی صلاحیت میں 25 میگاواٹ کا اضافہ ہوگا۔

سری لنکا کے صدر نے جناب مودی کو Mitra Vibhushan ایوارڈ سے نوازا، جو دونوں ملکوں کے درمیان پائیدار دوستی کی علامت ہے۔

پیش ہیں ہمارے نامہ نگار کی یہ رپورٹ

(Capsule)

## Add PM Srilanka

وزیر اعظم نریندر مودی نے باہمی تعلقات کے بہت سے معاملات پر سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا۔ مشترکہ پریس بیان میں خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے سری لنکا کو بھارت کی مدد اور پڑوسی اول پالیسی نیز مہاساگر ویژن پر زوردیا۔ صدر Dissanayake نے مختلف بحران کے دوران مدد فراہم کرنے کیلئے بھارت اور وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اعادہ کیا کہ سری لنکا اپنی سرزمین کو کسی بھی طرح سے ایسے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دے گا، جو بھارت کی سکیورٹی اور علاقائی سالمیت کیلئے ضرر رساں ہو۔

جناب مودی نے اعلان کیا کہ بھارت نے سری لنکا کی منفرد ڈیجیٹل شناخت پروجیکٹ کیلئے حمایت کرنے کا عہد کیاہے اور 100 ملین ڈالر کے قرضے کو پچھلے 6 مہینے میں گرانٹس میں بدل دیا ہے۔ اِس میں مالی امداد پر سود کی شرح

کم رہے گی۔

**(PM Byte)**

ایک اور اہم واقعے میں وزیر اعظم نریندر مودی نے تمل کمیونٹی کے لیڈروں سے ملاقات کی اور ایک متحد سری لنکا میں تمل کمیونٹی کیلئے مساوات، وقار اور انصاف کے تئیں بھارت کے مستقل عہد پر زور دیا۔ اِس کے بعد انہوں نے بھارتی قیام امن فورس کے میموریل پر گل دائرہ نذر کرکے شہید ہیروز کو خراج عقیدت پیش کیا۔ دن کا اختتام وزیر اعظم مودی کے اعزاز میں سرکاری دعوت کے ساتھ ہوگا۔ **x**

**Chhatisgarh Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاہے کہ چھتیس گڑھ سے نکسل واد، اگلے سال مارچ کے اواخر تک ختم ہوجائے گا۔ انہوں نے یہ بات آج چھتیس گڑھ کے دنتے واڑہ میں بَستر **Pandum** کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر داخلہ نے ماؤنوازوں سے اپیل کی کہ وہ ہتھیار ڈال دیں اور اصل قومی دھارے میں شامل ہوجائیں۔

**S/B Amit Shah Naxalism**

جناب امت شاہ نے چھتیس گڑھ کے قبائلی فنون کو فروغ دینے میں بَستر **Pandum** کی ستائش کی اور یہ اعلان کیا کہ اگلے سال ہر قبائلی ضلعے کے کاریگر اور فنکار اس میں شامل ہوں گے۔

دنتے واڑہ کے اپنے دورے کے دوران مرکزی وزیر داخلہ نے مختلف سکیورٹی فورسز کے اہلکاروں سے بات چیت کی اور ان کے ساتھ دوپہر کا کھانا بھی کھایا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C Vikalp Shukla**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاکہ چھتیس گڑھ کے بَستر علاقے کی تہذیب و ثقافت، اس کی بولی، گیت، آلات موسیقی، رقص اور پکوان نہ صرف چھتیس گڑھ بلکہ بھارتی تہذیب و ثقافت کیلئے بھی قیمتی جواہرات کی مانند ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ سال سے بَستر **Pandum** کے تحت **12** زمروں میں مقابلے ہوں گے اور ملک کے ہر قبائلی ضلعے سے فنکار اس میں حصہ لیں گے۔

اس کے علاوہ مختلف ملکوں کے سفیر بَستر کے مختلف اضلاع کا دورہ کریں گے تاکہ بَستر **Pandum** کو بین الاقوامی شناخت مل سکے اور دنیا کو بَستر کی ثقافت سے روشناس کرایاجاسکے۔

رائے پور سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبرنامے کیلئے میں.............

**MHA - NDRF**

سرکار نے بہار ، ہماچل پردیش، تمل ناڈو اور مرکز کے انتظام والے علاقے پڈوچیری کیلئے ایک ہزار 280 کروڑ روپے سے زیادہ کی اضافی امداد کی منظوری دی ہے جنہیں گزشتہ برس قدرتی آفات کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ وزارتِ داخلہ نے آج ایک بیان میں بتایا ہے کہ سرکار نے باقاعدہ درخواست موصول ہونے کا انتظار کئے بغیر آفات کے فوراً بعد اِن ریاستوں میں نقصانات کے تخمینے کیلئے بین وزارتی مرکزی ٹیمیں روانہ کی تھیں۔

اُس نے مزید کہا ہے کہ 2024-2025 میں آفات سے نمٹنے کے فنڈ کے تحت 28 ریاستوں کو 20 ہزار 264 کروڑ روپے اور آفات سے نمٹنے کے قومی فنڈ کے تحت 19 ریاستوں کو پانچ ہزار 160 کروڑ روپے سے زیادہ جاری کئے گئے ہیں۔

اس کے علاوہ آفات کے اثرات کو کم کرنے سے متعلق ریاستی فنڈ سے 19 ریاستوں کو تقریباً پانچ ہزار کروڑ روپے اور آفات کے اثرات کو کم کر نے سے متعلق قومی فنڈ سے 700 کروڑ روپے بھی 8 ریاستوں کو جاری کئے گئے ہیں۔X

**Prez Ram Navami**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے رام نومی کے موقع پر عوام الناس کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے اُجاگر کیا کہ یہ تہوار بھگوان رام کی سالگرہ منانے کا ہے۔ صدر جمہوریہ مرمو نے زور دے کر کہا کہ بھگوان رام کی شجاعت سے پُر زندگی کا سفر، ہر کسی کو سچائی، دھرم اور اخلاقیات کی راہ اختیار کرنے کی تحریک دیتا ہے۔ x

**Delhi Ayushman Bharat**

صحت سے متعلق قومی اتھارٹی اور دلّی سرکار نے قومی راجدھانی میں آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا نافذ کرنے کیلئے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ ہراول اسکیم، ملک بھر میں فی خاندان پانچ لاکھ روپے کی جامع صحت کوریج فراہم کرتی ہے۔ البتہ دلّی سرکار اِس ضمن میں پانچ لاکھ روپے کی اضافی رقم فراہم کرے گی، جس کے ساتھ ہی صحت کی مجموعی کوریج فی خاندان 10 لاکھ روپے سالانہ ہوجائے گی۔ تقریب کے دوران مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا نے بتایا کہ قومی راجدھانی میں 6 لاکھ 50 ہزار سے زیادہ اہل کنبے اِس اسکیم سے استفادہ کرسکیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ صحت کیلئے علاج کے اخراجات کا اوسط حصہ، جو 2014 میں 62 فیصد تھا، اب کم ہوکر 38 فیصد رہ گیا ہے۔

جناب نڈا نے زور دے کہا کہ یہ اسکیم صرف ایک معمول کا صحت بیمہ نہیں ہے، بلکہ یقین دہانی کی ایک اسکیم ہے۔

**S/B J P Nadda**

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے اجاگر کیا کہ قومی راجدھانی کے باشندے اِس اسکیم سے ملک بھر میں پینل میں شامل 30 ہزار سے زیادہ اسپتالوں میں علاج کی سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیاکہ کارڈوں کی تقسیم کا آغاز اِس مہینے کی 10 تاریخ سے ہوگا۔ x

**IMD Heatware**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے گجرات اور راجستھان میں آج سے بدھ کے روز تک گرمی کے حالات کی شدت اختیار کر لینے کی پیشگوئی ہے۔ اسی طرح مدھیہ پردیش میں 7 سے 9 اپریل تک گرمی کے حالات برقرار رہیں گے۔ محکمۂ موسمیات نے جنوبی پنجاب، ہریانہ اور متصل مغربی اُترپردیش میں بھی 7 اور 8 اپریل کو گرم لہر کی پیشگوئی کی ہے۔

اسی دوران ماہرین موسمیات نے مشرقی بھارت میں 7 سے 9 اپریل کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کیرالہ اور ماہے، کرناٹک، آندھرا پردیش اور تمل ناڈو میں آج اور کل کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ دھول بھری آندھی اور اوسط درجے کی بارش کا بھی امکان ہے۔X

**J&K-Pak Intrudeer Shot Dead**

جموں وکشمیر میں کل دیر گئے رات جموں میں بین الاقوامی سرحد سے متصل علاقے میں ایک پاکستانی دارنداز کو گولی مار کر ہلاک کردیا گیا۔ آ کاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ سرحدی حفاظتی فورس BSF جموں کے تعلقات عامہ کے افسر کے مطابق 4 اور 5 اپریل کی درمیانی رات کو جموں کے سرحدی علاقے میں ایک دارنداز کو بین الاقوامی سرحد عبور کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ اس دارنداز کو RS Pura سیکٹر میں سرحدی چوکی پر ہلاک کردیا گیا۔ دراندازی کے پیچھے کے مقصد کا پتہ لگایا جارہا ہے۔×

**Karnataka INS Sunayna**

مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج کرناٹک کی Karwar بحریہ بیس میں، INS Sunayna کو، Indian Ocean Ship SAGAR کے طور پر جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ SAGAR ’’خطے میں سب کیلئے تحفظ اور نمو‘ کا مخفف ہے۔ یہ ایک پہل ہے، جو بحیرۂ ہند کے خطے میں ملکوں کے ساتھ تعاون کو توسیع دیتی ہے۔ آج SAGARپہل کی دسویں سالگرہ ہے اور آج ہی سمندر کا قومی دن بھی ہے۔ اِس موقع پر اپنے خطاب میں راجناتھ

سنگھ نے کہا کہ Indian Ocean Ship SAGAR، سمندری شعبے میں امن، خوشحالی اور اجتماعی تحفظ کے تئیں بھارت کے عہد کا عکاس ہے۔ x

## Manoj Kumar Demise

آزمودہ اداکار اور فلم ساز منوج کمار کا آج ممبئی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 87 برس کے تھے۔ منوج کمار کے بیٹے کُنال گوسوامی نے بتایا کہ معروف اداکار منوج کمار نے طویل بیماری کے بعد آج صبح آخری سانس لی۔ اُن کی آخری رسومات کُل صبح ممبئی کے وِلے پارلے میں ادا کی جائیں گی۔

24 جولائی 1937 کو ہری کشن گوسوامی کے نام سے Abbottabad میں پیدا ہوئے اداکار نے فلم شبنم میں دلیپ کمار کے کردار کے بعد، منوج کمار کے نام کا انتخاب کیا۔ سن 1965 میں بھگت سنگھ پر بنی فلم ''شہید'' سے اُن کو شہرت ملی۔

اُن کی وطن پرستی کے جذبے سے سرشار فلموں کی وجہ سے اُن کے پرستاروں اور فلم صنعت نے انہیں ''بھارت کمار'' کا نام دیا۔

اداکار منوج کمار نے چار دہائیوں تک بھارتی سنیما میں اپنا زبردست تعاون دیا اور نیشنل فلم ایوارڈ اور سات فلم فیئر ایوارڈس حاصل کئے۔ انہیں 2015 میں بھارتی سینما کے سب سے اعلیٰ اعزاز دادا صاحب پھالکے سے نوازا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے معروف اداکار کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔x

## NSO - Workshop

نئی دلّی کے وگیان بھون میں اعداد و شمار کے نظام کے سلسلے میں ریاستی سرکار کے وزراء کی ایک کانفرنس کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اِس کانفرنس کا اہم مقصد قومی اور ذیلی قومی سطح پر بروقت مناسب اعداد و شمار مرتب اور انہیں پیش کرنا ہے۔ اِس کانفرنس کا اہتمام اعداد و شمار اور پروگرام کی عمل آوری سے متعلق وزارت کے تحت آنے والے اعداد و شمار کے قومی دفتر نے کیا ہے۔ اِس موقع پر ایک پریس کانفرنس میں پروگرام پر عمل درآمد اور اعداد و شمار کے محکمے کے مرکزی وزیر راؤ اندرجیت سنگھ نے کہا کہ یہ پہلا موقع ہے کہ اِس طرح کی کانفرنس میں سبھی متعلقین کو ایک جگہ جمع کیا گیا ہے۔ x

## SHOOTING ISF WORLD CUP

ارجنٹینا کے بیونس آئرس میں ISSF ورلڈ کپ 2025 میں بھارتی نشانے باز Esha Singh نے خواتین کے 25 میٹر پسٹل مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ Esha نے، چین کی Sun Yujie کے ساتھ کانٹے کے مقابلے میں، جیتنے کیلئے 25 پوائنٹ پر دو Hits لگائیں جبکہ Sun نے نشانے پر 38 شارٹس فائر کیے۔

Esha کے چاندی کے اِس تمغے کے ساتھ، بھارت ابھی تک ISSF ورلڈ کپ 2025 میں ایک طلائی تمغہ، ایک چاندی کا تمغہ اور ایک کانسہ کا تمغہ جیت چکا ہے۔ اِس سے پہلے Sift Kaur Sharma نے خواتین کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشنس مقابلے میں طلائی تمغہ حاصل کیا۔

دوسری جانب ایشیائی گیمس میں تمغہ حاصل کرنے والی شوٹر Chain Singh نے مردوں کے مقابلے میں کانسہ کا تمغہ جیتا تھا، جس کے ساتھ ہی انہوں نے مقابلے میں بھارت کے ذریعے تمغے حاصل کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ x

## Telangana Surrender

تلنگانہ میں، 20 خواتین سمیت 86 ماؤنوازوں نے Bhadradri Kothagudem ضلع میں پولیس کے سامنے خودسپردگی کردی۔ یہ خودسپردگی، خطے میں امن اور معمول کی صورتحال بحال کرنے کی کوششوں میں ایک اور بڑا قدم ہے۔ یہ علاقہ بائیں بازو کی انتہاپسندی سے عرصۂ دراز سے متاثر رہاہے۔ پولیس کے انسپکٹر جنرل چندر شیکھر ریڈی نے بتایاکہ یہ خودسپردگی، آپریشن Chueyutha (مدد) پروگرام کے تحت بہبود پر مبنی اقدامات کے ذریعے ماؤنوازوں کی باز آباد کاری کیلئے تلنگانہ پولیس کے محکمے کی جاری کوشش کا نتیجہ ہے۔ خودسپردگی کرنے والے میں سے ہر ایک کو، فوری امداد کے طور پر، باز آباد کاری کیلئے 25-25 ہزار روپے فراہم کیے گئے ہیں۔ ابھی تک اِس سال ریاست میں 224 ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی ہے۔ x

## UGC

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC نے ان طلباء کیلئے ایک معیاری متوازن طریقۂ کار قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جنہوں نے اپنی تعلیم کی تکمیل بیرون ملک کی ہے اور وہ بھارت کی اعلیٰ تعلیم کے نظام اور افرادی قوت کے ساتھ مربوط ہونا چاہتے ہیں۔ UGC نے اپنے نوٹیفکیشن میں کہاکہ کمیشن نے اسکولوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں سے بیرونی تعلیمی قابلیت کو تسلیم کرنے کیلئے ایک شفاف، ٹیکنالوجی پر مبنی طریقۂ کار تیار کیا ہے۔ UGC کے چیئرمین Mamidala Jagadesh Kumar نے کہاکہ یہ اقدام، بھارت کو عالمی تعلیمی مرکز میں بدلنے کے قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے

تناظر میں انتہائی اہم ہے۔ x

## Waqf Bill

اقلیتی امور کی وزارت نے وقف ترمیمی بل 2025 سے متعلق غلط فہمیوں کو آج یہ کہتے ہوئے دورکر دیا ہے کہ وقف ایکٹ 1995 کے آغاز سے پہلے اور وقف ایکٹ 1995 کے تحت وقف کے طور پر رجسٹرڈ کی گئی کسی بھی املاک کو ختم نہیں کیا جائے گا۔ اُس نے کہا ہے کہ اگر کسی املاک کو وقف کر دیا جاتا ہے وہ ہمیشہ کیلئے وقف ہی رہے گی۔ یہ بل بہتر بندوبست اور شفافیت کیلئے ضابطوں کی محض وضاحت کرتا ہے۔

وزارت نے یہ بات بھی واضح کی ہے کہ وقف بورڈس میں غیر مسلم شامل ہوں گے لیکن وہ اکثریت میں نہیں ہوں گے۔ اس نے یہ بات بھی زور دے کر کہی کہ کسی بھی ذاتی آراضی کو تحویل میں نہیں لیاجائے گا اور یہ کہ اس بل کا اطلاق صرف اُن املاک پر ہوگا جنہیں وقف قرار دیا جاتا ہے۔

اُدھر بہار کے گورنر عارف محمد خان نے یہ کہتے ہوئے وقف ترمیمی بل 2025 کی حمایت کی ہے کہ اس سے اس قدیم ادارے میں اصلاحات کا آغاز ہوگا۔

جناب خان نے کہا کہ وقف کے اثاثے اور آمدنی کا استعمال لوگوں کیلئے خیراتی کاموں میں کیا جانا چاہئے۔ اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ وقف کے مقصد کو مناسب طور پر پورا کیا جانا چاہئے اور غریب اور پسماندہ برادریوں کو اس کا فائدہ ملنا چاہئے۔X

## Wrold Cup Boxing

برازیل میں جاری مکے بازی کے عالمی کپ 2025 میں بھارت کے ابھیناش جاموال 65 کلوگرام زمرے کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ کل رات جاموال نے اٹلی کے مکے باز Gianluigi Malanga کو پانچ- صفر سے شکست دی۔ آج فائنل میں بھارتی مکے بازی کا مقابلہ برازیل کے Yuri Reis سے ہوگا۔ مردوں کے 70 کلوگرام زُمرے کے فائنل میں بھارت کے ہتیش کا مقابلہ انگلینڈ کے Odel Kamara سے ہوگا۔ ہتیش نے جمعرات کو سیمی فائنل میں فرانس کے مکے باز Makan Traore کو پانچ-صفر سے ہرایا تھا۔x